اداریہ

خداوند یسوع مسیح کے نام میں آپ سب کی سلامتی ہو، ہر ماہ کی طرح اس ماہ ایک بار پھر آپ کے لیے خدا کے پاک کلام کی تشریحات کے ساتھ حاضر ہیں، ہماری دعا ہے کہ اس ماہ کے مضامین آپ سب کے لیے برکت کا سبب ہوں۔ یشوع ۱:۸ میں لکھا ہے شریعت کی یہ کتاب تیرے مُنہ سے نہ ہٹے بلکہ تجھے دن رات اسی کا دھیان ہو تا کہ جو کچھ اس میں لکھا ہے اُس پر تُو احتیاط سے عمل کر سکے کیونکہ تب ہی اقبال مندی کی راہ نصیب ہوگی اور تو خوب کامیاب ہوگا۔

خداوند کے بندہ موسیٰ کی وفات کے بعد خدا نے یشوع کو چُنا کہ ملک موعود تک کا باقی سفر اُس کی رہنمائی میں مکمل ہو۔ جب خدا نے یشوع کو بُلایا اور رہنما کے طور پر مقرر کیا تو چند ایک باتوں کی یقین دہانی دی، جن میں چند ایک یہ تھیں، میں تیرے ساتھ ہوں، جیسے میں موسیٰ کے ساتھ تھا تیرے ساتھ بھی رہوں گا، کوئی شخص تیرے سامنے کھڑا نہ رہ سکے گا، یعنی کامیابی کی یقین دہانی، جس جگہ تیرا اوں ٹکے وہ جگہ میں تجھے دے دوں گا، یہ سب کچھ کہنے کے بعد خدا نے یشوع کے سامنے جو بات رکھی وہ بہت دلچسپی کی ہے، جب جنگ میں جیت کا خواہش ہو تو لوگ جنگی نفری بڑھاتے ہیں، جنگ کی تدابیر میں ماہر ہونے کی کوشش کرتے ہیں جنگی تربیت عام کی جاتی ہے جنگجوؤں کو اضافی کسرت کروائی جاتی ہے تا کہ خوب جم کر لڑیں، لیکن یہاں یشوع نے ملک فتح کرنا ہے لیکن حکم یہ ہے کہ (۱) شریعت کے یہ کتاب تیرے مُنہ سے نہ ہٹے، خدا اُس شریعت کے بارے میں مخاطب ہے جو اُس نے موسیٰ کو دی تھی، مُنہ سے نا ہٹے کے مطلب یہ ہے کہ وہ اس کتاب کے احکامات کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھے، (۲) دن اور رات اسی کا دھیان رہے، اس سے مُراد ہے کہ وہ کچھ بھی قدم اُٹھانے سے پہلے اس کتاب کی مشورت لے لے، دھیان رکھنے کا مطلب اس کتاب کو جاننا بھی ہے، کیونکہ احکامات پر عمل کرنے کے لیے اُن کا جاننا بہت ضروری ہے۔ مُنہ سے نا ہٹے اور دھیان رہے۔ (۳) تا کہ تو اُس ہر احتیاط کر کے عمل کر سکے، گویا کلام کو محض جاننا ضروری نہیں اُس پر عمل کرنا بھی ضروری ہے، یعقوب کہتا ہے کہ جو کلام کو صرف سُنتا اور اُس پر عمل نہیں کرتا اُس کی مانند ہے جو اپنی شکل آئینہ میں دیکھ کر بھول جاتا ہے کہ میں کیسا دِکھتا ہوں۔ خدا یشوع کو کامیاب دیکھنا چاہتا ہے اور اُس جنگی فتوحات میں کامیابی کے لیے اُسے شریعت کی اس کتاب پر دھیان دینا تھا۔ اب کامیابی اور اقبالمندی کے لیے ضروری تھا کہ یشوع شریعت کی کتاب کو ہر بات پر فوقیت دیتا۔ ہم جس شعبے میں کامیاب ہونا چاہیں اُس کے رموز کو جاننے کی کوشش کرتے ہیں اور ظاہر ہے کرنا بھی چاہیے لیکن اُس کے ساتھ ساتھ بہتر کامیابی کی راہ یہ ہے کہ ہمارے ہر ایک قول اور فعل میں آولیت خدا کے زندہ پاک کلام ہو۔ خدا یشوع کو جنگی تربیت کا حکم بھی دے سکتا تھا لیکن حکم یہ دیا کہ شریعت کی کتاب پر دھیان کرے، مُنہ سے نا ہٹائے اور احتیاط کر کے اس پر عمل کرے۔ ایک ملک کو فتح کرنے کے لیے، نئے لوگوں کو اُس میں بسانے کے لیے، اس کام میں خوب کامیابی کے لیے شریعت کو آول درجہ دینا تھا۔ آیئے ہم بھی زندگیوں میں خدا کے کلام کی اہمیت کو سمجھیں تا کہ اقبال مند ہوں اور خوب کامیاب ہوں۔